
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ژ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ژ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت /بناوٹ 'ژ' سے لکھ سکیں ۔ اس کے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی بچوں سے 'ا تا ز' کا تلفظ آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی ۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ژ' کا تلفظ ،صوتی آواز اور اس کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو پوچھا جائے گا کہ شرارتی نو کون سے حروف ہوتے ہیں اور انہیں شرارتی نو کیوں کہا جاتا ہے ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ژ' کریں گے۔اس کی چھوٹی شکل نہیں ہوتی ۔ 'ژ' حروف تہجی کا اٹھارواں حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ژ' سے بہت کم الفاظ شروع ہوتے ہیں۔ کچھ الفاظ کے درمیان حرف 'ژ' کا استعمال ہوتا ہے۔حرف 'ژ' کے الفاظ ژالہ ،ژالہ باری، ژاژ، ٹیلی ویژن اور اژدھا کے بارے میں بتایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ژ' کے اوپر تین نقطے آتے ہیں ۔<br>تختہ سیاہ/ سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو 'ژ' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔اور باری باری بلا کر حرف 'ژ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 36 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے حرف 'ژ' پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا۔حرف 'ژ' کی اشیاء کے نام بتائے جائیں گے ۔اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی ۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں حرف 'ز' پر کاغذ کے تین ٹکڑوں سے نقطے بنانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 36<br>ورک شیٹ 'ز' کے کٹ آؤٹس<br>رنگین کاغذ کٹے ہوئے | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ژ' کی صوتی آواز کی مشق کروایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ژ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ژ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت /بناوٹ 'ژ' سے لکھ سکیں ۔ اس کے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی بچوں کو 'ژ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ صوتی آواز اور اشیاء کے ناموں کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ژ' کے ذخیرہ الفاظ کی پی پی ٹی /فلیش کارڈ کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی ۔ بچوں کو ٹیلی ویژن کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ ٹیلی ویژن ہے سب کے گھر میں ٹیلی ویژن موجود ہے پوچھا جائے گا۔ بچوں کے پسندیدہ کارٹون کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ بچوں سے ہوا میں جلد پر یا میز پر حرف 'ژ' کی شکل بنوایئے اور بار بار اس کی دہرائی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Play Dough مہیا کی جائے گی اور رتا ژ حروف کو Play Dough سے بنوانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں ٹیلی ویژن میں رنگ بھرنے اور 'ژ' پر پینسل پھیرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سیاہ/سفید پر حرف رتا ژ لکھوایئے۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br><br><br><br>Play Dough<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ژ' کا تلفظ ،صوتی آواز اور اس کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ژ‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ژ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت / بناوٹ ’ژ‘ سے لکھ سکیں ۔ اس کے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ژ‘ کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ژ‘ کا تلفظ،صوتی آواز اور اس کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ژا ژ کے بارے میں بات کریں گے۔ یہ خاردار جھاڑی ہوتی ہے۔اس پر کانٹے ہوتے ہیں اور اس کو ہاتھ لگانے سے ہاتھ زخمی ہوسکتا ہے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ ژا ژ کی ابتدائی آواز ’ژ‘ کی ہے۔بچوں کہے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں کی مدد سے ہوا میں ’ژ‘ بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف ’ژ‘ کے الفاظ کی تصاویر اور مختلف تصاویر دائرے والے فلیش کارڈ کی صورت میں دی جائیں گی اور ان کو کہا جائے گا کہ Page کو حرف ’ژ‘ کے الفاظ پر لگادیں۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں ’ژ‘ میں رنگ بھرنے اور پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ |  | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ژالہ،ژار اور ژالہ باری کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں ژالہ باری میں رنگ بھریں گے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ژ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ژ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت /بناوٹ 'ژ' سے لکھ سکیں ۔ اس کے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ژ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ژ' کے الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ جیسا کہ آپ جانتے ہیں حرف 'ژ' کے الفاظ بہت کم ہوتے ہیں بچوں سے ہوا میں حرف 'ژ' لکھنے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ اس پر کتنے نقطے ہوتے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں حرف 'ژ' اور اس کے الفاظ چھپائے جائیں گے۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ژ' اور اس کے ساتھی الفاظ کمرہ جماعت میں چھپے بیٹھے ہیں آپ اپنے ساتھی کے ساتھ مل کر حرف 'ژ' اور اس کے الفاظ کی کوئی ایک تصویر تلاش کر کے لائیے جب سب بچے ایسا کر لیں۔ تو ان سے 'ژ' کی آواز اور ان کی تلاش کی ہوئی تصویر کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 37 کھولنے کو کہا جائے گا اور دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے کہا جائے گا کہ ہم کون سا حرف سیکھ رہے ہیں بتائیے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ژ' کو اس سے شروع ہونے والے اور جن الفاظ میں 'ژ' کا استعمال ہوا ہے سے ملائیے۔ نیچے دی گئی حرف 'ژ' پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ پر لکیر کھینچ کر حرف ر، ڑ، ز، ژ لکھنے کی مشق کروائیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ نمبر 37 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ژ' کا تلفظ، صوتی آواز اور اس کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ژ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ژ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت / بناوٹ 'ژ' سے لکھ سکیں ۔ اس کے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ژ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ژالہ باری اور ژالہ کے بارے میں بات کریں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ کو معلوم ہے کہ ژالہ کسے کہتے ہیں ژالہ اولے کو کہتے ہیں ۔ جب بارش ہوتی ہے تو برف کے چھوٹے گول ٹکڑے زمین پر گرتے ہیں جس سے زمین سفید ہو جاتی ہے اولے گرنے کو ژالہ باری کہا جاتا ہے بچوں کو بتایا جائے گا کہ ژالہ اور ژالہ باری کی ابتدائی آواز 'ژ' کی ہے۔ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ژ' کی درست بناوٹ کے ساتھ مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ژ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ژ' کی صوتی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ژ' کی لکھائی کریں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 37<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ژ' کا تلفظ، صوتی آواز اور اس کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |